حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّاني

کی صحبت

خوبصورتی، اچھائی میں ہے

اسلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔
والصلاۃ والسلام علی رسولنا محمدٍ سیدُ الاولین والاخرین۔ مدد یا رسول اللہ' مدد یا اصحابِ رسول اللہ' مدد یا مشائخین شیخ عبداللہ داغستانی' شیخ ناظم الحقانی۔ دستور۔
طریقتنا صحبہ والخیر فی الجمعیہ۔

اللہ (ج ج) کا شکر ہے کہ ہم پھر سے اخوان سے مل گئے۔ جو لوگ اللہ (ج ج) کے راستہ پر ہوتے ہیں ، اور جو اللہ (ج ج) کے احکام بجا لاتے ہیں، وہ آرام اور بے فکری سے ہوتے ہیں، انشاء اللہ ۔ہماری فکر، اُمتِ رسول اللہ ﷺ کے حالات اور نصیب کے لئے ہے۔

اللہ (ج ج) نے ہم کو راستہ، ایک خوبصورت راستہ دکھایا ہے۔ جب لوگ اس راستہ سے ہٹ جاتے ہیں تب وہ سوچتے ہیں، "میں آرام پاؤں گا اور میں خوش رہوں گا"۔ لیکن حقیقت میں وہ غلطی پر ہیں۔ سارے غم، بد قسمتی، اور جو کچھ بُرائیاں ہیں، اُن پر نازل ہوتی ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ سوچتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہیں- کچھ کرنے کی وجہ سے نہیں- وہ ناخوش ہوتے ہیں۔ کیوں کہ، کچھ بھی نہیں ہوتا ہے، اگر اللہ (ج ج) نہ چاہیں۔ ہر چیز ٹھیک سے کام کرتی ہے اگر اللہ (ج ج) چاہیں۔

اللہ (ج ج) نے خوبصورتی، اچھائی میں رکھی ہے۔ بُرائی میں، گندگی میں، اور گناہوں میں کوئی راحت نہیں۔ اس میں دکھ ہے۔ دکھ، دنیا میں اور آخرت میں بھی۔ یہ دنیا مختصر سی ہے۔جو اہم ہے وہ آخرت ہے۔ تو یہ اہم نہیں کہ آپ اس دنیا میں دکھی ہو یا نہیں۔ پھر بھی، جو لوگ اللہ (ج ج) کی راہ پر ہوتے ہیں، چاہے امیر ہوں یا غریب، اللہ (ج ج) اُن کو سکون اور خوبصورتی دیتے ہیں۔ یہ دنیا اُن کے لئے جیسے جنت ہوتی ہے جب اندر سکون ہوتا ہے۔ لیکن اُن کے پاس جتنا چاہے پیسہ ہو، اور اُن کے پاس کچھ بھی ہو سکتا ہے، لیکن اگر اندر سکون نہ ہو تو کوئی کچھ کام نہیں آتا۔

ہم اچھے لوگوں سے ملے، شکر اللہ (ج ج) کا، جہاں ہم گئے ۔ وہ لوگ اللہ (ج ج) کے لئے آئے، وہ اللہ (ج ج) کے واسطے آئے تھے۔ وہاں کچھ مادّی فائدہ نہیں تھا۔ اُن کی آرزو صرف دعا تھی۔ اُنھوں نے اپنے بچوں کے صراطِ مستقیم پر رہنے کی دعا چاہی اور سیدھے راستے سے نہ ہٹنے کے لئے دعا چاہی۔اُنھوں نے کوئی پیسہ نہیں چاہا، وہ صرف یہ ایک مہربانی چاہ رہے تھے۔

اللہ (ج ج) ہم سب کو اس راستے پر رکھیں اور اُمتِ محمد ﷺ کے بچوں کی حفاظت فرمائیں۔ وہاں بہت شیطان ہیں لیکن یہاں بھی تو بہت سے شیطان ہیں۔ اسلئے یہ نہ سونچنا کہ وہ وہاں (یونائیٹڈ کنگڈم) میں ہیں اور ہم یہاں محفوظ ہیں۔اپنے نفس کی تعمیل نہ کریں۔ ہوشیار رہیں۔

حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّاني

کی صحبت

اپنے بچوں کے بارے میں ہوشیار رہیں، تاکہ وہ راہِ راست پر رہیں۔ اُن کو خوبصورت راستہ دکھائیے۔ اُن کو بُرا راستہ نہ دکھائیں۔ اُن کو خوبصورتی بار بار دکھائیے۔ یہ ایک اہم معاملہ ہے جو خاندان سے آتا ہے اسلئے یہ خاندان میں پہلے سکھایا جانا چاہیئے۔ ماں کو پہلے یہ سکھانا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ جب تک یہ بیج اندر ہے، وہ ضرور ہرا ہوگا۔

اللہ(ج ج) ہم سب کی حفاظت کریں۔ اللہ(ج ج) ہم کو صحت اور رغبت دیں، انشاءاللہ۔ ہم سب، شیطان کی بُرائیوں سے محفوظ رہیں، انشاءاللہ۔ ہم ہر جگہ، اچھے لوگوں کے ساتھ ہوں، جہاں بھی ہم جائیں، انشاءاللہ۔

ومن اللہ التوفیق۔ الفاتحہ۔

حضرت شیخ محمد محمت عادل

۱۹ فروری ۲۰۱۷/ ۲۲ جمادی الاول ۱۴۳۸

صبح نمازی، اکبابا درگاہ۔